بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

Bihar State Madrasa Education Board

5, Vidyapati Marg, Patna-800001

وسطانیہ ایویلیوشن 2025 کے رجسٹریشن کی تاریخ میں 05 ستمبر 2024 تک توسیع: عبدالسلام انصاری

پٹنہ 16 اگست 2024

ڈاکٹر محمد نور اسلام کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے جناب عبدالسلام انصاری، سکریٹری مدرسہ بورڈ کے حوالہ سے پریس بیان جاری کر تمام ملحقہ مدارس کے پرنسپل/صدر مدرسین/طلبا و طالبات اور گارجین حضرات کو مطلع کیا ہے کہ وسطانیہ ایویلیوشن (امتحان) 2025 کے لئے رجسٹریشن مع فارم کی تاریخ 15-08-2024 تک مقرر تھی جس کی مدت ختم ہو چکی ہے لیکن بہت سارے ایسے امیدوار ہیں جو کسی وجوہات کی بنا پر ابھی تک رجسٹریشن نہیں کر پائے ہیں ان سبھوں کے ذریعہ دفتر سے گذارش کی گئی ہے کہ رجسٹریشن مع فارم کی تاریخ میں توسیع کر دی جائے۔ ان کی گذارشات کے ملحوظ نظر جناب عبدالسلام انصاری، سکریٹری مدرسہ بورڈ نے رجسٹریشن مع فارم کی تاریخ میں مورخہ 16-08-2024 سے 05-09-2024 تک توسیع کرنے کا حکم دیا ہے۔ سکریٹری صاحب کے حکم کے مطابق طلبا و طالبات اب مورخہ 05-09-2024 تک رجسٹریشن مع فارم کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

ڈاکٹر محمد نور اسلام، کنٹرولر آف اکزامنیشن نے سبھی امداد یافتہ اور غیر امداد یافتہ مدارس کے ذمہ داران کو ہدایت دی ہے کہ مدرسہ منظوری میں درج شرائط کے مطابق مدارس میں طلبا و طالبات کی تعداد کو یقینی بنائیں۔ کبھی بھی جانچ کے دوران طلبا و طالبات کی تعداد میں کمی پائی جانے پر آپ لوگوں کے مدارس کے خلاف ضابطہ کے مطابق تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے۔ وہیں انہوں نے بتایا کہ رجسٹریشن مع فارم فارم بھرنے میں کسی طرح کی دشواری پیش آتی ہے تو پورنیہ کمشنری سے متعلقہ حضرات متذکرہ نمبرات پر رابطہ کریں گے۔ (7903201622, 7004175443 9097206791,7004917571,7482034313,) وہیں دیگر سبھی کمشنریوں کے متعلقہ حضرات متذکرہ نمبرات پر رابطہ کریں گے (7209386006,8235300798,7033438555)۔ کمشنری وار ہیلپ لائن نمبر پر دفتری اوقات کے درمیان ہی رابطہ کر مسائل کا حل کرا سکتے ہیں۔ صرف درج بالا موبائل نمبر پر ہی رابطہ کریں چونکہ آپ کے مسائل کا حل اس کام میں مامور معاونین ہی انجام دیں گے۔

16.8.2024

(ڈاکٹر محمد نور اسلام)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ